حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(ا) یبایغن کی معنی ہے۔

(الف) وہ ضد کرتی ہیں (ب) وہ اطاعت کرتی ہیں (ج) وہ فرماں برداری کرتی ہیں

eduvision.edu.pk

(د) وہ بیعت کرتی ہیں

(۲) المرتشی کی معنیٰ ہے۔
(الف) رشوت لینے اور دینے والا (ب) رشوت لینے والا (ج) رشوت دینے والا (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۳) خاندان کے دو اہم ستون ________ ہیں۔
(الف) ماں باپ (ب) میاں بیوی (ج) عزیز و اقارب (د) مرد و عورت

(۴) ختم نبوت کا ذکر ________ میں آیا ہے۔
(الف) سورۃ الاحزاب (ب) سورۃ الممتحنہ (ج) سورۃ البقرۃ (د) سورۃ الانفال

(۵) اپنے نفس پر قابو رکھنا بھی ________ کی ایک قسم ہے۔
(الف) جہاد (ب) عبادت (ج) روزے (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۶) حضرت زید رضی اللہ عنہ ________ کے منہ بولے بیٹے تھے۔
(الف) حضرت حارثؓ (ب) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ج) حضرت علیؓ (د) حضرت انسؓ

(۷) سورۃ الانفال میں مسلمانوں کی ________ صفات کا تذکرہ ہے۔
(الف) چھ (ب) پانچ (ج) چار (د) تین

(۸) نماز ________ کے بغیر قبول نہیں ہوتی۔
(الف) غسل (ب) وضو (ج) غسل اور وضو (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۹) ہجرت کے بعد جو سورتیں نازل ہوئیں انہیں کہا جاتا ہے۔
(الف) مکی (ب) مدنی (ج) دونوں (الف) اور (ب) (د) ہجری

(۱۰) جامع القرآن ________ کا لقب ہے۔
(الف) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت عثمانؓ (د) حضرت علیؓ

(۱۱) قرآن کی پہلی وحی ________ میں نازل ہوئی۔
(الف) غار ثور (ب) غار حرا (ج) عرفات (د) منیٰ

(۱۲) وضو میں ________ فرائض ہیں۔
(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

(۱۳) عائلی کے معنیٰ ہیں۔
(الف) بھائی بہن (ب) والدین (ج) میاں بیوی (د) خاندان

(۱۴) جہاد کے معنیٰ ہیں۔
(الف) قتل کرنا (ب) مارنا (ج) کوشش کرنا (د) یہ تمام

(۱۵) سورۃ الانفال میں کافروں نے اپنے لیے ________ کا عذاب کا مطالبہ کیا۔
(الف) طوفان (ب) گرج چمک (ج) پتھر برسانے (د) بارش

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

eduvision.edu.pk

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے 04 نمبر ہیں۔

سوال۲۔ مندرجہ ذیل آیات میں سے کسی ایک کا ترجمہ کیجیے۔

(الف) واعلمو انما اموالکم و اولاد کم فتنه (ب) فاتقو ا الله و اصلحو ذات بینکم

سوال۳۔ سورۃ الاحزاب میں طلاق کا کیا خاص حکم بیان ہوا ہے؟

سوال۴۔ علم کے بارے میں کوئی سی دو احادیث اردو میں لکھیے۔

سوال۵۔ غزوہ بدر میں فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا کیا ردعمل تھا؟

سوال۶۔ مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں سورۃ الانفال میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال۷۔ سورۃ الممتحنہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس اسوہ حسنہ کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے؟

سوال۸۔ شرالدواب سے کیا مراد ہے؟

سوال۹۔ مندرجہ ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ کیجیے۔

(الف) لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا

(ب) خیر الناس من ینفع الناس

سوال۱۰۔ غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

سوال۱۱۔ جہاد بالمال پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال۱۲۔ تکمیل ایمان کے چار اصول بیان کیجیے۔

سوال۱۳۔ سورۃ الاحزاب کی روشنی میں مسلمان مرد/عورت کی کوئی چار صفات بیان کیجیے۔

eduvision.edu.pk